SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
October 31, 2024

ایس ای سی پی کی طرف سے اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کے فروغ کے لیے پوزیشن پیپر جاری

اسلام آباد 31 اکتوبر؛ایس ای سی پی نے ملک میں اسٹارٹ اپ کے لیے سازگار ماحول کی اہمیت کے مد نظر ایک جامع پوزیشن پیپر جاری کیا ہے، جس کا مقصد اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کا فروغ ہے۔اس پیپر کا مقصد اسٹیک ہولڈرز کی آراء لینا اور اقتصادی ترقی اور جدت میں اسٹارٹ اپس کے کردار کو اجاگر کرنا ہے۔اس پیپر میں پاکستان میں کامیاب اسٹارٹ اپس کی جھلک پیش کی گئی ہے، مضبوط اسٹارٹ اپس ایکو سسٹم کی اہمیت اجاگر کی گئی ہے اور ان اہم عوامل کی نشاندہی کی گئی ہے جو اس کی راہ میں رکارٹ ہیں۔

یہ پوزیشن پیپر اسٹارٹ اپس کے مختلف پہلووں پر روشنی ڈالتا ہے، بشمول پاکستان اور بین الاقوامی سطح پر اپنائی گئی اسٹارٹ اپس کی تعریفوں کا موزانہ، اسٹارٹ اپس فنانسنگ، لائف سائیکل کا جائزہ، اور پچھلے 4 سالوں میں اسٹارٹ اپس کو دی گئی ریگولیٹری سہولیات۔ اس کے علاوہ پیپر میں ایسی بین الاقوامی کیس سٹڈیز بھی شامل کی گئی ہیں جہاں ان اسٹارٹ اپس نے ملک کی اقتصادی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

اسٹارٹ اپس ایکو سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے اس پیپر میں کئی تجاویز پیش کی گئی ہیں، جن میں اہم اداروں میں اسٹارٹ اپس کی سٹینڈرڈ تعریف، لیکویڈیٹی بڑھانے کے لیے حکومت کی حمایت یافتہ فنڈ کا قیام اور نجی ایکویٹی اور وینچر کیپیٹل سرمایہ کاری کے فروغ کے لیئے ٹیکس اصلاحات متعارف کرانا شامل ہیں۔مزید برآں ابھرتے ہوئے کاروباروں کے لیئے بہتر انفراسٹرکچر اور وسائل کے لیئے خصوصا چھوٹے شہروں میں کاروباری سپورٹ تنظیموں کی ضرورت پر بھی اس پیپر میں زور دیا گیا ہے۔

ای یس سی پی تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول سرکاری اداروں، نجی شعبے کے نمائندوں اور تعلیمی اداروں کو اس اہم گفتگو میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہے۔تعاون کو فروغ دینے سے اور ایک پروگریسو پالیسی فریم ورک دینے سے پاکستان ایک ایسا اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم تشکیل دے سکتا ہے جو نہ صرف جدت کو فروغ دیتا ہو بلکہ اقتصادی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے۔

ایس ای سی پی پوزیشن پیپر درج ذیل لنک سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

https://www.secp.gov.pk/document/rsb-position-paper/

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005